© rasailojaraid.com



تھے؟ اگر "یزید فاسق نہیں" نہ کہنے سے وہ فاسق بنتا ہے تو "یزید فاسق ہے" نہ کہنے سے وہ آخر غیر فاسق کیوں نہیں بن سکتا؟

نیز سوال یہ بھی ہے کہ اگر ان صحابہؓ نے یہ نہیں کہا تھا کہ "یزید فاسق نہیں" تو کیا حضرت حسینؓ نے ہی اس کے خلاف خروج یہ کہہ کر کیا تھا کہ "یزید فاسق ہے"؟ کیا اس کا کوئی ثبوت آپ پیش کر سکتے ہیں؟ جب حضرت حسینؓ نے ہی اس کے خلاف اپنا یہ خروج یہ کہہ کر نہیں کیا تھا کہ "یزید فاسق ہے" تو ان کو منع کرنے والے صحابہ ہی یہ کہہ کر اس سے منع کیوں کرتے کہ "یزید فاسق نہیں"؟ کتنی عجیب بات ہے کہ خروج کرنے والوں کا تو صرف خروج ہی دلیل ہو فسقِ یزید کی اس کے لئے یہ کہنا ضروری ہو کہ "یزید فاسق ہے" لیکن اس سے منع کرنے والوں کا لفظ منع کرنا اور وہ بھی اس انداز سے جس کا اوپر ذکر ہوا، دلیل نہ ہو اس کے فاسق نہ ہونے کی بلکہ اس کیلئے یہ کہنا بھی ضروری ہو کہ "یزید فاسق نہیں"؟

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ حضرت حسینؓ کو بھی عدمِ خروج کا مشورہ دینے والے صحابہؓ نے اگر یہ نہیں کہا تھا کہ "یزید فاسق نہیں"، تو اسلئے نہیں کہ وہ ضرور اس کو فاسق ہی جانتے مانتے تھے بلکہ اس لئے کہ حضرت حسینؓ نے ہی خروج یہ کہہ کر نہیں کیا تھا کہ "یزید فاسق ہے" یعنی وہاں یزید کے فسق کی کوئی بات ہی نہ چھیڑی تھی کہ یہ صحابہؓ اس کی تردید یا تائید کرتے، ورنہ جہاں اہلِ مدینہ نے یہ بات چھیڑی تھی وہاں حضرت محمد بن الحنفیہ نے نقد و نقد اس کی مفصل و مدلل تردید بھی کر دی تھی۔ (آپ نے جو اس پر گفتگو کی ہے آگے چل کر شاید میں بھی اس سے متعلق کچھ عرض کروں گا)

پھر عرض یہ بھی ہے کہ اگر وہ صحابہؓ کرام بالفرض یہ کہہ ہی دیتے کہ "یزید فاسق نہیں" تو پھر کیا ہو جاتا؟ کیا آپ پھر اس کو غیر فاسق مان لیتے؟ کیا حضرت حسینؓ اپنا موقف چھوڑ دیتے؟ بقول آپ کے اہلِ کوفہ کو "منافق" تو انہوں نے کہا ہی تھا، تو کیا پھر اس وقت حضرت حسینؓ نے ان کو "منافق" مان لیا تھا؟ ان پر اپنا بھروسہ چھوڑ دیا تھا؟

❋

مولانا ابوریحان سیالکوٹی
سبائی فتنہ
(حصہ اول)
قیمت 150 روپے
اہل سنت کے روپ میں رفض و سبائیت
پھیلانے والے طبقہ کے خیالات کا
علمی و تحقیقی محاسبہ
ایسی کتاب جس نے بعض نام نہاد
تقدس مابوں کی حجلہ عروسی میں
زلزلہ بپا کر دیا
بخاری اکیڈمی مہربان کالونی ملتان۔

© rasailojaraid.com